© rasailojaraid.com



مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

# دارالعلوم کے شب و روز

## وزیر داخلہ چودھری نثار سے حضرت مہتمم صاحب ملاقات

۲۱۔اکتوبر کو وزیر داخلہ جناب چودھری نثار سے حضرت مہتمم صاحب نے ملاقات کی ۔ ملاقات میں احقر اور مولانا سید یوسف شاہ بھی ہمراہ تھے۔ملاقات تقریباً دو گھنٹے تک جاری رہی۔جس میں مذہبی رہنماؤں کو شیڈول فورتھ میں ڈالنے اوران کے شناختی کارڈ کی بحالی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

**حضرت مہتمم صاحب کی مصروفیات:** دفاع پاکستان کونسل کا سربراہی اجلاس

۶۔اکتوبر کو اسلام آباد کو دفاع پاکستان کونسل میں شامل جماعتوں کا سربراہی اجلاس منعقد ہوا، اجلاس کونسل کے چیئرمین مولانا سمیع الحق کی صدارت میں منعقد ہوا۔

☆ ۲۹رستمبر کو مولانا اشرف علی بن شیخ القرآن مولانا غلام اللہ خانؒ ، مہتمم جامعہ تعلیم القرآن راجہ بازار راولپنڈی کی دعوت پر افتتاحی تقریب میں تشریف لے گئے اور اجتماع عام سے تفصیلی خطاب کیا جبکہ دوسری نشست سے نائب مہتمم حضرت مولانا انوارالحق صاحب نے بھی خطاب فرمایا۔اس تقریب میں پاکستان کی تمام مذہبی جماعتوں کے قائدین نے شرکت وخطاب کیا۔

☆ جمعیت کے سرکردہ رہنما اورتحریک اشاعت اسلام کے بانی مولانا شیر محمد مغل سے ان کی والدہ پر اظہارتعزیت کیا۔جامع مسجد رخشندہ میں قائم مدرسہ تعلیم الاسلام کے طلبا واساتذہ سے خطاب بھی فرمایا۔

☆ گلشن آبادراولپنڈی میں پارٹی کے قدیم کارکن مولاناولی الرحمٰن سے بھی انکے بیٹے کی وفات پرتعزیت کی۔

☆ جمعیت علماءاسلام کے قدیم رہنما مولانا اکرم ہمدانی کے ہاں تعزیت کے لئے تشریف لے گئے ۔

☆ مسلم لیگ کے رہنما جناب سلیم سیف اللہ خان کے سسر کے جنازہ میں شرکت کی اورتعزیت کے لئے پشاورتشریف لے گئے ۔☆ ۲۰را کتوبر کو اسلام میں دفاع پاکستان کونسل کے اجلاس کی صدارت کی،جس میں کونسل میں شامل سیاسی اور مذہبی قائدین نے شرکت کی۔

**مسافران آخرت:** دارالعلوم حقانیہ کے مدرس مولانا سید محمد یوسف شاہ کے خاندانی بزرگ اور چچا سید محمود شاہ ۱۱را کتوبر کوانتقال فرما گئے ۔اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کوصبر جمیل عطا فرمائے

© rasailojaraid.com